Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

پاکستان تحریک انصاف کی قانونی ٹیم کے اراکین کے خلاف دہشتگردی کے جھوٹے پرچے کے اندراج کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف نے نعیم حیدر پنجوتھہ، علی اعجاز بٹر، عثمان ریاض گل اور مرزا عاصم بیگ سمیت دیگر کے خلاف جھوٹے، بے بنیاد اور من گھڑت مقدمے کو مسترد کر دیا

قانونی ٹیم کے اراکین کے خلاف جھوٹے پرچے میں دہشتگردی کی دفعات کی شمولیت کی بھی شدید مذمت

بانی چیئرمین عمران خان اور ان کی محترمہ اہلیہ کے خلاف عدّت جیسا بیہودہ مقدّمہ بنانے والے شرپسند ریاستی مشینری کے ذریعے قانون کی دھجیاں اڑا رہے ہیں، ترجمان تحریک انصاف

ایک بے غیرت، بے حمیّت اور اخلاق و کردار سے محروم کٹھ پتلی کے ذریعے عدالت میں غلاظت کی بھرمار کروانے والوں کا مکروہ منصوبہ کل خاک میں ملایا گیا، ترجمان تحریک انصاف

مجرم سرکار کی ایماء پر اپنے غنڈوں کو عدالت کے آس پاس شرانگیزی کیلئے لگایا گیا جس میں ناکامی پر اس مقدمے جیسی بیہودگی کی گئی، ترجمان تحریک انصاف

مرکزی سیکرٹری اطلاعات رؤف حسن کی شہ رگ دن دیہاڑے کاٹنے کی کوشش کی گئی مگر وفاقی پولیس نے مناسب مقدمہ قائم کیا نہ اب تک کسی ملزم کو پکڑا، ترجمان تحریک انصاف

پنجاب سے لائے گئے ایک بے شرم آئی جی کے ذریعے مجرم وزیر داخلہ تحریک انصاف کو قانون کی دھجیاں اڑا کر سیاسی انتقام کا نشانہ بنا رہا ہے، ترجمان تحریک انصاف

قانونی ٹیم کے نہایت محنتی، پیشہ ور اور قانون کا احترام کرنے والے اراکین کے خلاف اس بیہودہ مقدمے کو مسترد کرتے ہیں، ترجمان تحریک انصاف

عدالت اس مقدّمے کو فی الفور خارج کرے اور آئی جی اور اس کے جھوٹے، بدمعاش اور شرانگیز اہلکاروں کو قانون کے کٹہرے میں کھڑا کرے، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ